دیباچہ ہے جس میں مشکوٰۃ اور اس کی شروح و تراجم کا تذکرہ ہے۔ ترجمہ کے ساتھ مقدمہ کا اصل عربی متن بھی چھاپ دیا گیا ہے۔ البتہ اس کا افسوس ہے کہ کتاب اور طباعت کی بڑی غلطیاں رہ گئی ہیں بہرحال امید ہے طلباء خاص طور پر اس سے استفادہ کریں گے۔

Cabinet Mission and After | از جناب شیخ محمد اشرف صاحب تقطیع کلاں، ٹائپ جلی اور روشن ضخامت ۴۱۳ صفحات قیمت چھ روپیہ پتہ:۔ شیخ محمد اشرف کشمیری بازار لاہور۔

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے اس کتاب میں برطانیہ کے وزیر اعظم مسٹر اٹیلی کے اعلان مورخہ ۱۵ مارچ ۱۹۴۶ء سے لیکر ۲ ستمبر ۱۹۴۶ء جبکہ کانگریس نے عارضی حکومت بنائی۔ اس تاریخ تک کی مکمل سیاسی روئداد یکجا کر دی گئی ہے۔ اس روئداد میں وہ سب کچھ آگیا ہے جو ان چند مہینوں میں ہوا۔ یعنی وزارتی وفد کا ہندوستان پہنچنا۔ یہاں کی تمام چھوٹی بڑی پارٹیوں کے نمایندوں اور بعض اور نمایاں شخصیتوں سے اُن کا گفتگو کرنا۔ مختلف سرکاری اعلانات۔ سیاسی پارٹیوں کے لیڈروں اور وائسرائے یا ارکانِ وفد کے مابین مراسلات۔ لیڈروں کے بیانات۔ سیاسی پارٹیوں کی تجاویز اور قراردادیں وغیرہ وغیرہ۔ اس طرح جو معلومات اخبارات کے صفحات میں منتشر پڑی ہوئی تھیں وہ سب ایک مجموعہ میں جمع کر دی گئی ہیں۔ امید ہے ہر حلقہ میں اس کو پسند کیا جائے گا۔

ہندوستان کا مستقبل | تقطیع خورد کتابت و طباعت بہتر قیمت مجلد عہ پتہ مکتبہ جدید لاہور۔

یہ مشہور انگریز مصنف بینڈرل مون کی انگریزی کتاب (Future of India) کا سلیس اور عام فہم اردو ترجمہ ہے۔ مصنف اپنی صاف گوئی کے لیے مشہور ہے جس کی پاداش میں اس کو اپنے عہدۂ ڈپٹی کمشنری سے مستعفی ہونا پڑا تھا۔ اس کتاب میں بھی اس نے بے لاگ طریقہ پر یہ بتایا ہے کہ برطانیہ کو ہندوستان کی سیاسی، سماجی اور اقتصادی گتھیوں کو کس طرح پر سلجھانا اور اُس کی اندرونی و بیرونی مشکلات کو کیونکر حل کرنا چاہیئے۔ عجیب بات یہ ہے کہ مصنف نے اس سلسلہ